Roll No. | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 25منٹ

حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف ر ب ر ج ر د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) آپؐ نے نمازِ تراویح کتنی شب لوگوں کے ساتھ پڑھی؟

الف۔ چار     ب۔ تین

ج۔ دو     د۔ پانچ

(ii) نظم درحقیقت ایک شاخِ گُل ریز ہے:

الف۔ فصاحت کی     ب۔ بلاغت کی

ج۔ جذبات کی     د۔ احساسات کی

(iii) اوائل عمر میں باقتضائے آئینِ مُلکی سقراط کو جانا پڑا:

الف۔ پولیس میں     ب۔ فوج میں

ج۔ محکمہ مالیات میں     د۔ محکمہ شہری دفاع میں

(iv) فلپ نوجوان تھا:

الف۔ برطانوی     ب۔ چینی

ج۔ عربی     د۔ فرانسیسی

(v) خواجہ حسن نظامی کا اصل نام کیا تھا؟

الف۔ قاسم علی     ب۔ محمد داؤد خان

ج۔ شبیر حسن خان     د۔ شیر محمد خان

(vi) کافی کس مُلک کا قومی مشروب ہے؟

الف۔ برطانیہ     ب۔ امریکہ

ج۔ برازیل     د۔ نیپال

(vii) " سفرنصیب " کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ مختار مسعود     ب۔ فکر تونسوی

ج۔ رشید احمد صدیقی     د۔ مُحمد حسین آزاد

(viii) شاملِ نصاب سبق " بے ترتیبی " کس صنفِ ادب کی عمدہ نمائندگی کرتا ہے؟

الف۔ افسانہ     ب۔ خاکہ

ج۔ انشائیہ     د۔ سفرنامہ

(ix) سب کتابوں کو چاٹ گیا بڑا موذی تھا:

الف۔ لال بیگ     ب۔ دیمک

ج۔ کتابی کیڑا     د۔ جھینگر

(x) ریختہ کا موجد کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

الف۔ خواجہ میر درد     ب۔ مرزا غالب

ج۔ ولی دکنی     د۔ میر تقی میر

(xi) مولوی عبدالحق نے " سرتاج شعرائے اُردو " کس شاعر کو کہا ہے؟

الف۔ خواجہ حیدر علی آتش ب۔ خواجہ میر درد

ج۔ میر تقی میر د۔ حسرت موہانی

(xii) نظامی دکنی نے اپنی مثنوی " پدم راؤ قدم راؤ " کتنے سال کی مدت میں لکھی؟

الف۔ دو ب۔ تین

ج۔ پانچ د۔ چھ

(xiii) خانہ باغ میں سائبان کس کے لگے ہوئے تھے؟

الف۔ اطلس ب۔ زربفت

ج۔ کمخواب د۔ ململ

(xiv) سلطان زین الملوک کو خالق نے کتنے فرزند دیے تھے؟

الف۔ پانچ ب۔ تین

ج۔ چار د۔ دو

(xv) محمد ابراہیم ذوق نے کس شاعر کی شاگردی اختیار کی؟

الف۔ خواجہ حیدر علی آتش ب۔ امام بخش ناسخ

ج۔ مرزا غالب د۔ شاہ نصیر

(xvi) حسرت موہانی کے جاری کردہ رسالے کا نام کیا تھا؟

الف۔ اُردو نامہ ب۔ قومی زبان

ج۔ اُردوئے معلٰی د۔ جامِ جہاں نما

(xvii) اقبال نے اپنی شاعری کا آغاز کس صنفِ سخن سے کیا؟

الف۔ قصیدہ ب۔ غزل

ج۔ نظم گوئی د۔ مثنوی

(xviii) غالب کا انتقال کس شہر میں ہوا؟

الف۔ آگرہ ب۔ دلّی

ج۔ لکھنؤ د۔ کلکتہ

(xix) یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی سکھائے کس نے اسمٰعیل کو آدابِ فرزندی

درج بالا شعر میں صنعت کی نشاندہی کیجیے۔

الف۔ تلمیح ب۔ صنعتِ تضاد

ج۔ صنعتِ لف و نشر د۔ صنعتِ حُسنِ تکرار

(xx) ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟

الف۔ چار ب۔ چھ

ج۔ پانچ د۔ تین

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 20 حاصل کردہ نمبر:

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　کُل نمبر حصہ دوم اورسوم: 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (10x3=30)

(i) تیسری شب کو حضور ﷺ نمازِ تراویح کے لیے مسجد تشریف کیوں نہ لائے؟

(ii) خواجہ الطاف حسین حالؔی اپنے نواسے کے ساتھ کیسا سلوک کرتے تھے؟

(iii) فلاسفہ یونان کے مطابق کون سی دو چیزیں نہایت موزوں ہیں؟

(iv) مہدی افادی کے اسلوب بیان کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(یا)

خواجہ حسن نظامی کے اسلوبِ بیان کی خصوصیات قلم بند کیجیے۔

(v) فکرتونسوی کی ادبی زندگی کا باقاعدہ آغاز کب ہوا؟

(vi) مثنوی کسے کہتے ہیں؟

(vii) درج ذیل تراکیب کی وضاحت کیجیے:

کمرِ ہمت ، سدِ راہ ، فعلِ قبیح

(یا)

'' کیکر پر انگور چڑھایا ہر خوشہ زخمایا '' میاں محمد بخشؒ کی نظم کے حوالے سے وضاحت کریں۔

(viii) مثنوی گلزارِ نسیم دبستانِ لکھنؤ کی نمائندہ مثنوی ہے۔ وضاحت کریں۔

(ix) مومنؔ کو شاعری کے علاوہ کن علوم میں مہارت حاصل تھی؟

(x) تشبیہ کے کتنے ارکان ہیں؟ ایک مثال سے کوئی سے تین ارکان کی وضاحت کریں۔

(یا)

کنایہ کی تعریف کریں اور ایک شعر کی مثال دیجیے۔

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آرہی ہے۔جہاں تک مجھے ان سے گفتگو کرنے کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا، مولانا اس عیب سے بری معلوم ہوتے ہیں۔محمد حسین آزاد، مولانا شبلی نعمانی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابلِ تعریف تھیں،ان کی دل کھول کر داد دی ہے مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔

ب۔ ایک مقام پر اس نے بہت ہی چبھتی ہوئی بات لکھی ہے: کہتا ہے کہ '' میں نہیں سمجھتا کیونکر لوگ عقل کی مخالفت کو جائز رکھتے ہیں،کسی بات کی صحت پر ان کو یقین کامل ہوتا ہے،تاہم وہ اس پر کاربند نہیں ہوتے،شاید کوئی خارجی اثر وجۂ مزاحمت ہو،مگر میں سمجھتا ہوں،ان کے ارادے ہی کا یہ نقص ہے۔ مجھے آج تک کوئی بات ایسی نہ ملی جس کی سچائی کا یقین ہو،اور نہ کرگزرا ہوں۔لوگ کچھ ہی سمجھا کریں، مجھے ان کی مخالفت کی قطعی پروا نہیں،اس لیے میں ان کو داخلِ جمادات سمجھتا ہوں۔''

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+4=5)

الف۔ بحرِ امکاں میں رسولؐ عربی دُرِّ یتیم
رحمتِ خاص خداوندِ تعالیٰ بادل
قبلۂ اہلِ نظر کعبۂ ابروئے حضورؐ
موئے سر قبلہ کو گھیرے ہوئے کالا بادل
دُور پہونچی لبِ جاں بخشِ نبیؐ کی شہرت
سن ذرا کہتے ہیں کیا حضرتِ عیسیٰؑ بادل

ب۔ وہ منقش کی ڈوریاں سر بسر
کہ مہ کا بندھا جس میں تارِ نظر
چھتوں کا تماشا تھا آنکھوں کا جال
نگہ کو وہاں سے گزرنا محال
سنہری مغرق چھتیں ساریاں
وہ دیوار اور در کی گلکاریاں

سوال نمبر۵: کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے: (3+3+3=9)

الف۔ نہ پکڑیں دامنِ الیاس گردابِ بلا میں ہم
کہ بدتر ڈوب کر مرنے سے ہے جینا سہارے کا

ب۔ مرا بچنا برا ہے آپ نے کیوں
عیادت کی لبِ معجز بیاں سے

ج۔ دلوں کو فکرِ دوعالم سے کر دیا آزاد
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

د۔ بیٹھے بیٹھے جانے کیوں بیتاب ہو جاتا ہے دل
پوچھتے کیا ہو میاں اچھا بھی ہوں بیمار بھی

ہ۔ حضرت ناصح گر آئیں، دیدہ و دل فرشِ راہ
کوئی مجھ کو یہ تو سمجھا دو کہ سمجھائیں گے کیا

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۶: مشتاق احمد یوسفی ایک فطری مزاح نگار ہیں۔ بحث کیجیے۔ (10)

(یا)

مشتاق احمد یوسفی کی مزاح نگاری پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۷: ''سحرالبیان'' میر حسن کی شہکار مثنوی ہے۔ بحث کیجیے۔ (10)

(یا)

''گلزارِ نسیم'' صنعت گری اور مرصّع نگاری کا بہترین مرقع ہے۔ اس حوالے سے دیا شنکر نسیم کی مثنوی نگاری پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۸: مثنوی نگاری پر نوٹ لکھیں۔ (10)

(یا)

مہدی افادی کے اسلوبِ تحریر پر نوٹ لکھیں۔